رول نمبر اُمیدوار : ____________

اُردو (لازمی) دوسرا گروپ (1st A 424-II) انٹرمیڈیٹ پارٹ-II، کلاس 12th پرچہ II

وقت: 20 منٹ معروضی ...... Code: 8024 مارکس: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1. (الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے: (5)

1 - حج کے لیے بھوپال کی بیگم نے مسکینوں کو ساتھ لیا
(A) دو سو (B) تین سو (C) چار سو (D) پانچ سو

2 - کھادی تحریک نے جنم لیا
(A) بہار (B) کلکتہ (C) بنارس (D) دِلّی

3 - سبق نواب محسن الملک کا ماخذ ہے
(A) آثار الصنادید (B) چند ہم عصر (C) مقدماتِ عبدالحق (D) تنقیداتِ عبدالحق

4 - کابل کا موسم خراب ہونے کی وجہ سے ابن انشاء کو اترنا پڑا
(A) لاہور (B) اسلام آباد (C) ملتان (D) پشاور

5 - سبق مولانا ظفر علی خان میں حکیم کا ذکر ہوا
(A) اجمل خان (B) حکیم لقمان (C) حکیم فقیر محمد چشتی (D) حکیم سعید

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے: (5)

6 - میں نے آج کا اخبار نہیں ______ ۔
(A) پڑھا (B) پڑھے (C) پڑھی (D) پڑھیں

7 - اسلم نہیں آسکا ______ وہ بیمار تھا۔
(A) کیوں کہ (B) اس لیے (C) بلکہ (D) اگرچہ

8 - میری تنخواہ بڑھا دو ______ میں کام چھوڑ دوں گا۔
(A) مگر (B) اگرچہ (C) ورنہ (D) اگر

9 - کامیابی اور ناکامی اللہ کے ہاتھ میں ______ ۔
(A) ہوتے ہیں (B) ہوتا ہے (C) ہوتی ہے (D) ہوتی ہیں

10 - باپ بیٹا گھر پہنچ ______ ۔
(A) گیا (B) گئے (C) گئی (D) گئیں

(ج) رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے: (5)

11 - ختمہ کی علامت لگائی جاتی ہے
(A) سوال کرنے پر (B) حیرت کے اظہار کے لیے (C) فقرے کی تکمیل پر (D) وضاحت کے لیے

12 - واوین کی علامت ہے
(A) ( ) (B) " " (C) ؟ (D) :-

13 - ! علامت ہے
(A) ندائیہ (B) سوالیہ (C) ختمہ (D) وقفہ

14 - رابطہ کا دوسرا نام ہے
(A) وقفِ لازم (B) وقفِ خفیف (C) وقفِ مطلق (D) استفہامیہ

15 - سب سے مختصر ٹھہراؤ کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے
(A) وقفہ (B) سوالیہ (C) سکتہ (D) رابطہ

(د) امدادی اَفعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجیے: (5)

16 - ڈالنا
(A) خط لیٹر بکس میں ڈال دینا (B) بچے نے کتاب پھاڑ ڈالی (C) مصیبت میں نہ ڈالو (D) برتن میں دودھ ڈال دو

17 - جانا
(A) مجھے ملتان جانا ہے (B) وہ اسلام آباد گیا (C) اسلم نے لاہور جانا ہے (D) علی گھر چلا گیا

18 - دینا
(A) مجھے کتاب دینا (B) اس نے مجھے رقم دی (C) اکرم کو کتاب دے دینا (D) اس نے مجھے تحفہ دیا

19 - چُکنا
(A) سورج ڈوب چکا ہے (B) اسے چک پڑ گئی (C) سالن کو چکھو (D) میرا حساب چُکا دو

20 - رہنا
(A) تم میرے پاس رہو (B) علی لاہور رہتا ہے (C) خوش رہا کرو (D) وہ ملتان رہ رہا ہے